مفادات کیلئے اس کھیل کو جاری رکھنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیں۔ دنیا میں کرکٹ میچ کہیں کسی دو غیر پاکستانی ٹیموں میں بھی اگر ہو رہا ہے تو اسے بھی سیٹ لائٹ وغیرہ کے ذریعہ صبح سے رات گئے تک یہاں دکھایا جاتا ہے عام لوگ اپنے سارے پروگرام ختم کر کے ٹی وی کے آگے بیٹھے رہتے ہیں کھیل وہ کھیل رہے ہیں دولت وقت اور اخلاق ہمارے تباہ کئے جا رہے ہیں اس پر غور کریں۔ قوم و ملک کی دولت اور صلاحیتیں چوکوں چھکوں پر ضائع نہ کریں۔

(افتخار یوسف زئی۔ جہلم)

پتنگ بازی ختم کریں

مکرمی! آپ کے موقر مجلہ کی وساطت سے ہم وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف صاحب کے علم میں یہ بات لانا چاہتے ہیں کہ پتنگ بازی کرنے والے لوگوں کی وجہ سے شہری بہت تنگ ہیں کیونکہ ان کی پتنگ بازی کی وجہ سے بجلی کی ترسیل باربار رک جاتی ہے جس کی وجہ لوگوں کی بے شمار قیمتی اشیاء جل جاتی ہیں جب واپڈا حکام سے اس بارے میں رجوع کیا جاتا ہے تو وہ جواب دیتے ہیں کہ بعض اوقات پتنگ بازی کی وجہ سے واپڈا کی مشینری جل جاتی ہے اور واپڈا محکمے کو کروڑوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے اور اس سلسلے میں واپڈا حکام بھی بے بس دکھائی دیتے ہیں اور ہماری حکومت سے گزارش ہے کہ پتنگ بازی کے کاروبار میں جو لگ ملوث ہیں ان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے اور پتنگ بازی پر پابندی عائد کی جائے اور ملک اور عوام کو اس اذیت سے نجات دلائی بجائے۔

(محمد اشرف قریشی۔ لاہور)

انصاف

بحرین سے مال غنیمت میں مشک و عنبر آیا۔ اس کو مسلمانوں میں تقسیم کرنے کے لئے کسی ایسے شخص کی تلاش ہوئی جس کو عطریات کے وزن میں دستگاہ حاصل ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بیوی عاتکہ نے کہا۔ "میں اس کام کو کرسکتی ہوں"۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے کہ "میں یہ کام تم سے نہیں لوں گا۔ کیونکہ مجھے خوف ہے کہ تمہاری انگلیوں میں جو کچھ لگ جائے گا اسے تم اپنے جسم پر مل لو گی اور اس طرح عام مسلمانوں سے زیادہ میرے حصے میں آجائے گا"۔